ماڈیول 4

# تربیتی کتابچہ

## انفارمیشن ٹیکنالوجی

## اعلیٰ نصاب

## Advance Course




ووکیشنل ٹریننگ سینٹر گوادر

4.1.1

# نصاب کے مقاصد

1



اس باب کے اختتام پر طلبہ مندرجہ ذیل کو سیکھ سکیں گے:

- کمپیوٹر اور اس کے مختلف حصوں کے بارے میں بنیادی معلومات
- کی بورڈ (Key Board) اور ماؤز (Mouse) کا استعمال (ابتدائی ٹائپنگ)
- مائیکروسافٹ ونڈوز (MS Windows) اور چند بنیادی پروگرامز کا تعارف اور استعمال
- مائیکروسافٹ پینٹ (MS Paint) کا استعمال
- مائیکروسافٹ ایکسپلورر (MS Explorer) کا استعمال
- مائیکروسافٹ ورڈ (MS Word) کا ابتدائی استعمال
- ٹائپنگ ٹیوٹر (Typing Tutor) کا تعارف اور استعمال

2



اس باب کے اختتام پر طلبہ مندرجہ ذیل کو سیکھ سکیں گے:

- مائیکروسافٹ ورڈ میں مہارت
  (فارمیٹنگ، پرنٹنگ، ڈرائنگ اور تصویر کو لانا اور ترتیب دینا)
- مائیکروسافٹ ایکسل کا تعارف
  (سیل نمبرز، رینج (Rang)، بنیادی حساب کتاب اور بناوٹ سنگھار)

3



اس باب کے اختتام پر طلبہ مندرجہ ذیل کو سیکھ سکیں گے:


- نیٹ اور انٹرنیٹ کا تعارف
- انٹرنیٹ پر معلومات کی تلاش کرنا
- ای میل اور اس کی اقسام
- ویب بیسڈ ای میل اکاؤنٹ بنانا
- مائیکروسافٹ ورڈ میں مزید ٹولز سے آگاہی
- مائیکروسافٹ ایکسل میں گراف بنانا
- مائیکروسافٹ پاور پوائنٹ کا تعارف

4



اس باب کے اختتام پر طلبہ مندرجہ ذیل کو سیکھ سکیں گے:

- مائیکروسافٹ پاور پوائنٹ میں مزید ٹولز سے آگاہی اور پریذنٹیشن تیار کرنا
- مائیکروسافٹ ورڈ اور ایکسل کے اعلیٰ ٹولز کا استعمال
- اردو ٹائپنگ (ان پیج) کا تعارف
- مائیکروسافٹ آفس کے پروگرامز کا آپس میں لین دین



4.1.2

# 4.1

# سیشن کا تعارف

**(Session Introduction)**



## مقاصد:

- مائیکروسافٹ پاور پوائنٹ میں پریزنٹیشن بنانا۔
- مائیکروسافٹ پاور پوائنٹ میں Animation اور Transition کا استعمال۔
- مائیکروسافٹ پاور پوائنٹ میں اردو کا استعمال۔

4.1.3

# سلائیڈٹرانزیکشن

## Slide Transaction




سلائیڈ ٹرانزیشن Slide Transition ڈراپ ڈاؤن لسٹ کے ذریعے طے کیا جاسکتا ہے جو کہ آپ کے نارمل ویو کے دائیں جانب ظاہر ہوتا ہے۔ اس کی مدد سے ہم پریزنٹیشن میں ایک سلائیڈ سے دوسری سلائیڈ بدلنے میں مختلف اقسام کے ایفیکٹس Effects، آوازیں Sounds، ایفیکٹس کے عمل پذیر ہونے کی رفتار Speed، ماؤز کا استعمال وغیرہ کو ترتیب دے سکتے ہیں۔

سلائیڈ ٹرانزیشن کی فہرست List میں سب سے پہلے آپ یہ طے کرسکتے ہیں کہ جب آپ کی سلائیڈ سکرین پر ظاہر ہو تو اس کا انداز/ایکشن کیسا ہو۔ یہاں ایک ڈراپ ڈاؤن لسٹ جس کے ساتھ سکرول بار موجود ہے آپ مختلف قسم کے انداز کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

### کسٹم اینی میشن (Custom Animation):




سلائیڈ شو Slide Show مینو پر کلک کرنے کے بعد Custom Animation پر کلک کریں۔ بائیں جانب کھلنے والی ونڈو پر ایک بٹن نظر آئے گا جس پر Add Effects لکھا ہوگا۔ اس بٹن کو کلک کرنے سے ایک ڈراپ ڈاؤن فہرست Drop Down List کھل جائے گی جس میں مندرجہ ذیل Effects شامل ہیں۔

4.1.4


# سیٹ اپ شو

## Set Up Show

سلائیڈ شو کے مینو پر ایک اور آپشن جسے سیٹ اپ شو Set Up Show کا نام دیا گیا ہے کے ذریعے سیٹ اپ شو ڈائیلاگ باکس کو ظاہر کریں۔

جو آپشن آپ کی پریزنٹیشن کے لئے ضروری ہیں ان کو منتخب کریں۔ اگر شو کو سپیکر کنٹرول کرے گا تو پہلے آپشن پر کلک کریں۔ اگر آپ شو کو مسلسل چلانا چاہتے ہیں تو Browsed at a kiosk (Full Screen) پر کلک کریں۔ اس کے ساتھ آپ سلائیڈز پر کوئی قلم یا پین Pen استعمال کرنا چاہتے ہیں تو اس کا رنگ Color بھی منتخب کر سکتے ہیں۔





4.2.1

# 4.2

# سیشن کا تعارف

**(Session Introduction)**




**مقاصد:**

- MS Office میں سپیلنگ اور گرائمر چیک کرنا۔
- MS Office میں ڈاکومنٹ کی Prof Reading کرنا۔

4.2.2

# پروف ریڈنگ
## Proof Reading




### Spell Checker

یہ آپ کے ڈاکومنٹ میں سپلنگ چیک کرتا ہے۔ آپ چاہیں تو شروع سے لے کر آخر تک ایک ہی دفعہ Spelling چیک کر لیں اور اگر چاہیں تو ٹیکسٹ ٹائپ کرنے کے ساتھ ساتھ ہی اسے چیک کر لیں۔

### Grammer Checker

یہ ٹول آپ کے ڈاکومنٹ میں گرامر کی غلطیوں کی نشاندہی کرتا ہے اس میں بھی آپ ڈاکومنٹ کو شروع سے آخر تک ایک ہی مرتبہ چیک کر سکتے ہیں اور اگر چاہیں تو ٹیکسٹ ٹائپ کرنے کے ساتھ ساتھ روڈ گرامر چیک کر سکتا ہے۔



### Thesaurus

یہ ٹول جب آپ کو ضرورت ہو آپ کے مطلوبہ الفاظ کے مترادفات آپ کو پیش کر سکتا ہے۔

4.2.3

## نیا فیچر!

ورڈ کے گزشتہ ورژنز میں ڈاکومنٹ ٹائپ کرنے کے ساتھ ہی الفاظ کو درست کرنے کی سہولت نہیں تھی اس کی بجائے آپ کو ڈاکومنٹ ٹائپ کرنے کے بعد اسے چیک کرنا پڑتا تھا۔ ورڈ 97ء سے نیا فیچر سامنے آیا ہے کہ جوں ہی آپ الفاظ ٹائپ کرتے ہیں ورڈ غلط الفاظ کی نشاندہی ایک سرخ لہردار لائن کی صورت میں کردیتا ہے، آپ اس پر رائٹ کلک کرکے اس لئے ہجوں کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اب آپ کے ڈاکومنٹ میں غلط ٹائپ ہونے والے الفاظ اسی وقت خود بخود ٹھیک بھی ہوجاتے ہیں۔ ورڈ آپ کے غلط ٹائپ ہونے والے لفظوں کے قریب ترین درست الفاظ خود ہی شامل کردیتا ہے۔

## انتباہ!

ورڈ 2000 کے بلٹ ان پروف ریڈنگ ٹولز کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ پروفنگ کی تمام ذمہ داریوں سے عہدہ براء ہوگئے ہیں اس کے علاوہ آپ کو پروف خود بھی چیک کرلینے چاہئیں۔ مثال کے طور پر یہ جملہ

We road to the sea the waves

اس طرح ٹائپ ہوجائے گا۔

Wee road too the see too the waives

تو ورڈ اس کو درست نہیں کرے گا بلکہ ورڈ صرف انہی الفاظ کو درست کرے گا جس میں روانی سے ٹائپ کرتے ہوئے آپ کوئی حرف چھوڑ جاتے ہیں یا آگے پیچھے ٹائپ کردیتے ہیں۔

تاہم ورڈ کے پروفنگ ٹولز کے بارے میں پڑھنا اس لئے ضروری ہے کہ آفس کے دیگر تمام پروگراموں میں بھی آپ ان تمام ٹولز کو بالکل اسی طرح استعمال کرسکتے ہیں یعنی جب آپ ورڈ کے پروفنگ ٹولز کے بارے میں جان جائیں گے تو ان ٹولز کو آپ ایکسل 2000 اور ایکسیس 2000 ڈیٹابیس وغیرہ میں بھی استعمال کرسکیں گے کیونکہ ان کا استعمال تمام پروگراموں میں ایک ہی جیسا ہے اور دیگر پروگراموں میں ہم ان کا ذکر نہیں کریں گے تاکہ غیر ضروری طوالت سے بچ سکیں۔




# سپیلنگ اور گرائمر چیک کریں

اپنی بنائی ہوئی پریزنٹیشن **"My First Presentaton"** کو کھولیں
اوراس کے سپیلنگ اور گرائمر چیک کریں۔



4.3&4.1

# 4.3&4

# سیشن کا تعارف

**(Session Introduction)**




مقاصد:

- MS Excel میں Logical Functions کا استعمال۔
- If Statement کا استعمال۔

4.3&4.2


# If Statement




**=IF(logical_test,[value_if_true],[value_if_false])**


4.3&4.3

# Using Formulas




## =FUNCTION NAME (SYNTAX)

- **Logical Function** **(IF, AND, OR, NOT)**
- **Database Function** **(DSUM, DCOUNT)**
- **Loookup Function** **(LOOKUP, VLOOKUP, HLOOKUP)**



4.5.1

# 4.5
# سیشن کا تعارف
**(Session Introduction)**



## مقاصد:

- MS Office کے ماحول میں کام کرنا۔
- Microsoft میں Help کا استعمال۔


4.5.2

# Micorsoft Office Family

MS Office کے جدید ماحول میں استعمال ہونے والی تمام ایپلیکیشن کی معلومات کو آپس میں بآسانی کٹ، کاپی یا پیسٹ کر سکتے ہیں۔


MS Office میں یہ سہولت موجود ہے کہ اس کے تمام پروگرام آپس میں مربوط ہیں مثال کے طور پر اگر آپ ایک رپورٹ بھیجنا چاہتے ہیں جس میں آپ ایکسل ورک شیٹ گراف کو انٹرنیٹ پر ارسال کرنا چاہتے ہیں تو اس گراف کو ورڈ میں داخل کر سکتے ہیں اور ورڈ ڈاکومنٹ کو نیٹ پر ارسال کر سکتے ہیں۔






4.5.3

# Using the Micorsoft Help





4.6&7.1

# 4.6&7

## سیشن کا تعارف

**(Session Introduction)**



**مقاصد:**

- ان پیج کا تعارف
- ان پیج میں English اور اردو کا استعمال
- ان پیج میں کی بورڈ کو سلیکٹ کرنا

4.6&7.2


# ان پیج کا تعارف

ان پیج ایک مکمل اور پائیدار سافٹ ویئر پیکیج ہے جو کہ اردو، عربی، فارسی، سندھی، پشتو اور کشمیری وغیرہ زبانوں کو بہت ہی دلچسپ اور آسان طریقے سے چلاتا ہے۔ یہ کثیر اللسان متن اور فن صحیح ترجمانی کرتا ہے۔

مونوٹائپ کے نوری نستعلیق Noori Nastaliq خط کو بنیاد بنانے کی وجہ سے اِن پیج اردو نستعلیق خط ہی اسکرین پر ظاہر کرتا ہے۔ اُردو کی ضرورتوں کو دھیان میں رکھتے ہوئے جیسے کہ شروعات دائیں سے بائیں۔ ٹول باکسز دائیں طرف۔ رولرز دائیں سے بائیں۔ آپ کی آسانیوں کا خیال کرتے ہوئے اِن لائن ٹیبل اور گراف وغیرہ۔ اتنی ساری سہولیات کی وجہ سے آپ اس کی لے آؤٹ ڈیزائننگ دوگنے کم وقت میں بہت ہی خوبصورت اور یکساں تیار کر سکتے ہیں۔ ان پیج سے ناطہ جوڑنے کیلئے بہت کم وقت درکار ہوتا ہے۔ پندرہ منٹ کے اندر آپ نیوز لیٹر، بروشر، گریٹنگ کارڈ یا کسی کیلئے ایک خوبصورت خط تیار کر سکتے ہیں۔ واقعی یہ بہت آسان ہے اور بہت ہی پائیدار بھی۔ ونڈوز پر ان پیج پروفیشنل کے ذریعے کام کرنا اب زیادہ آسان اور زیادہ دلچسپ ہے۔

ان پیج آپ کو آفس میں موجود ایم ایس آفس MS Office کی طرح ایک ایسا ماحول فراہم کرتا ہے جہاں آپ اپنی ٹیکسٹ کو نہ صرف اردو میں ٹائپ کر سکتے ہیں بلکہ آپ اسے مختلف فونٹ سٹائلز یا رسم الخط میں بھی ڈھال سکتے ہیں۔


ان پیج کی اپلی کیشن پر آپ کو ایک مینو بار نظر آئے گا جس کا ہم مختصر جائزہ لیتے ہیں۔




4.6&7.3

# ان پیج کا ماحول


فائل مینوکوکلک کریں۔ایک فہرست کھل جائے گی جس کی مدد سے آپ ایک نئی New فائل کھول سکتے ہیں، پہلے سے موجود فائل کوکھول Open کر اس میں کام کر سکتے ہیں، فائل کو بند Close کر سکتے ہیں، فائل کومحفوظ Save بنا سکتے ہیں، مختلف ناموں سے فائل کو Save As کر سکتے ہیں۔ Import اور Export کی سہولت کی مدد سے دوسرے پروگراموں کی فائلوں کوشامل کیا جاسکتا ہے یا وہاں اردو کی فائل کوایکسپورٹ بھی کیا جاسکتا ہے۔ Print کی کمانڈ سے آپ اپنی فائل کو پرنٹر کی مدد سے پرنٹ کر سکتے ہیں۔




**Editایڈٹ مینو:**




اس مینو کے ذریعے سے آپ کٹ، کاپی، پیسٹ، انڈو Undo، کلیئر Clear، سلیکٹ آل Select All جیسے بنیادی کام نہائیت آسانی سے سرانجام دے سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان کو شارٹ کٹس کے ذریعے براہِ راست بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہاں آپ کسی ایسے پیج Page کو ڈیلیٹ Delete بھی کرسکتے ہیں جو آپ کا کام کا نہیں ہے۔





ایک اہم سہولت Preferecnes کی ہے جہاں آپ مختلف قسم کی فائلوں جیسے Application، Docnment، Story Editor وغیرہ کی preferences کو ترتیب دے سکتے ہیں۔کی بورڈ پریفرینسز Keyboard Prefereces کے ذریعے آپ مختلف قسم کے رسم الخط Keyboards کومنتخب کرسکتے ہیں۔جن میں مونوٹائپ، آفتاب، مقتدرہ، فونیٹک، فارسی، عربی، کاشمیری اور کردش شامل ہیں۔ آپ اپنی سہولت کے اعتبار سے User Defined Keyboard کے ذریعے اپنا Keboard بھی ڈیزائن کرسکتے ہیں۔




### View ویو مینو:

اس مینو پر موجود کمانڈز کے ذریعے آپ اپنے ایڈیٹر Editor کا حجم Size تبدیل کر سکتے ہیں۔ جس میں Fitt in window ، 50%، Actual، 200% وغیرہ شامل ہیں۔ ان کے سامنے ان کی شارٹ کٹ کیز Short cut Keys بھی درج کی گئی ہیں۔




### Format فارمیٹ مینو :

اس کی مدد سے ہم اپنے ٹیکسٹ کے Characters، Paragraphs اور بارڈرز Borders کی ترتیب اور انداز کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ ٹیب کی سیٹنگ، ٹیبل فارمیٹ، ٹیبل لے آؤٹ، سٹائل شیٹس کا استعمال کر سکتے ہیں۔ یہاں ہم مختلف رنگوں کو منتخب کر کے رنگا رنگ لکھائی بھی کر سکتے ہیں۔



### Insert انسرٹ مینو:

اس مینو کے ذریعے سے آپ اپنے ڈاکومنٹ میں ایک نیا پیج Page ڈال سکتے ہیں، پیج نمبرنگ کر سکتے ہیں، تاریخ اور وقت Date & Time ڈال سکتے ہیں۔ آپ کوئی تصویر Picture بھی انسرٹ کر سکتے ہیں۔ ٹیبل Table کو انسرٹ کرنے کے لئے بھی یہ مینو استعمال کیا جاتا ہے۔



### Symbols سمبلز مینو:

اس مینو کو استعمال کرتے ہوئے آپ بہت سی اشکال Symbols اور ریاضی میں استعمال ہونے والے قاعدے جیسے ضرب X، جمع +، تفریق -، تقسیم ÷ بھی ڈال سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ٪، ☆، /، ......، ، ، ﷲ، ، ؓ کے Symbols بھی انسرٹ کئے جا سکتے ہیں۔




## نیچے دی گئی درخواست کو INPAGE میں ٹائپ کریں

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بخدمت جناب پرنسپل صاحب
ووکیشنل ٹریننگ سینٹر، گوادر

عنوان: کمپیوٹر کورس میں داخلے کی درخواست

جنابِ عالی!
مودبانہ گزارش ہے کہ میں ووکیشنل ٹریننگ سینٹر گوادر میں منعقد ہونے والے کمپیوٹر کورسسز میں داخلے کی خواہش رکھتی ہوں۔ آپ سے گزارش ہے کہ اس کورس کی تفصیلات بمعہ شیڈول اور داخلے کے فارم کی ایک کاپی فراہم کی جائے۔

تفصیلات کی جلدی فراہمی کی بہت شکرگزار ہوں گی۔

**العارض**

(نام)

(پتہ)



4.8.1

# 4.8
# سیشن کا تعارف
**(Session Introduction)**




## مقاصد:

- اردو ٹیکسٹ کو مائیکروسافٹ کی دوسری ایپلیکیشن میں استعمال کرنا
- پاور پوائنٹ پریزنٹیشن میں اردو کا استعمال

4.8.2

# مائیکروسافٹ میں اردو کا استعمال


اگر آپ پاور پوائنٹ میں رہتے ہوئے کسی ایسے ٹیکسٹ کا انتخاب کرنا چاہیں جو اردو میں تحریر کیا گیا ہو تو آپ مینو بار پر انسرٹ مینو Insert پر کلک کریں، اس مینو پر موجود ابجیکٹ ...Object کی کمانڈ پر کلک کریں۔ ایسا کرنے سے ایک ونڈو Insert Object کھل جائے گی جس پر مختلف فائلوں کے نام Object Type کے مینو کی صورت میں موجود ہوں گے۔ اس مینو میں سے ان پیج ڈاکومینٹ Inpage Document کو منتخب کریں اور او کے OK کے بٹن کو کلک کردیں۔ اس ونڈو پر آپ پہلے سے بنائی گئی فائل کو بھی Create from File پر کلک کرکے براؤز Browse بھی کرسکتے ہیں۔




4.8.3

# پاور پوائنٹ کا اردو میں استعمال

## Urdu With PowerPoint




پاور پوائنٹ کے دوسرے فوائد کے ساتھ ساتھ ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ پاور پوائنٹ دوسرے پروگراموں میں تیار کیا جانے والا ٹیکسٹ بھی پڑھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آپ اس میں اردو کو بھی شامل کر سکتے ہیں۔اس کا ایک طریقہ تو یہ ہے کہ اگر آپ پاور پوائنٹ کا عربی ورژن Arabic Version استعمال کر رہے ہیں تو پاور پوائنٹ خود ہی ایسی سلائیڈ کھول دے گا جس میں دائیں سے بائیں ٹیکسٹ کو ٹائپ کیا جا سکتا ہے۔



پاور پوائنٹ کا ایک اور زبردست فیچر یہ ہے کہ آپ اس میں اردو فائل کو آسانی کے ساتھ شامل insert کر سکتے ہیں۔ ایسا کرنے کے لئے import/export کا فنکشن استعمال ہوتا ہے۔ یہاں ہم پہلے اردو کے پروگرام اِن پیج Inpage کی مثال لیتے ہیں جو کہ ایک ایسا پروگرام ہے جہاں آپ اُردو زبان میں ٹیکسٹ کو ٹائپ کر سکتے ہیں۔اس پروگرام کو استعمال کرتے ہوئے آپ وہ ٹیکسٹ ٹائپ کریں جو آپ پاور پوائنٹ میں استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ اسے سلیکٹ کریں اور فائل مینو پر کلک کریں، مینو پر موجود Export کی کمانڈ پر کلک کریں۔ ایک ونڈو کھل جائے گی جہاں آپ اپنی پریزنٹیشن کی فائل کو تلاش کر کے سلیکٹ کی گئی ٹیکسٹ کو اس میں Save کر سکتے ہیں۔





4.9.1

# 4.9
# سیشن کا تعارف
**(Session Introduction)**




## مقاصد:


- گزشتہ چاروں نصاب پر مبنی Grand Project
- گزشتہ چار نصابوں میں پڑھائے گئے تمام ایپلیکیشن اور ان میں متعارف کرائے گئے ٹولز کو جانچ پڑتال
- تربیت کا تجزیہ

4.9.2

# گرینڈ پراجیکٹ
## Grand Project

گزشتہ چار نصابوں میں پڑھائے گئے تمام اپلیکیشن اور
ان میں متعارف کرائے گئے ٹولز کو جانچ پڑتال





4.9.3

# تربیت کا تجزیہ

آپ نے تربیت کے 10دن ایک جگہ اکٹھے گزارے۔ اس حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کرنے کے لئے متعلقہ کالم استعمال کریں۔ آپ کی غیر جانبدارانہ رائے ہمیں تربیت کو مزید بہتر بنانے میں مدد دیگی۔

| تفصیل | اچھا | مناسب | نامناسب |
|---|---|---|---|
| تربیت کے اوقات | | | |
| تربیت کی جگہ | | | |
| تربیت کے دوران کی گئی مشقیں اور گروپ ورک | | | |
| تربیت کا میٹریل | | | |
| دوسرے شرکاء کا آپ کے ساتھ تعاون | | | |
| آپکا دوسرے شرکاء کے ساتھ تعاون | | | |

ٹرینر یا ٹرینرز کے بارے میں آپ کی رائے:

5 اہم باتیں جو آپ نے اس تربیت میں سیکھیں۔

جو کچھ آپ نے سیکھا اس سے آپ کیسے فائدہ حاصل کریں گے۔



4.10.1

# 4.10
# سیشن کا تعارف
**(Session Introduction)**



مقاصد:

## میلہ

# میلہ

